علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: اسلامی قانون قصاص ودیت اور تعزیرات (4638) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: ایم اے (علوم اسلامیہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1تا5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1 امتناعِ منشیات آرڈیننس کی شق نمبر 21تا30 پر تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 امتناعِ منشیات سے کیا مراد ہے؟ امتناعِ منشیات آرڈیننس کی شق نمبر 1تا16 پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 حدود آرڈیننس سے کیا مراد ہے؟ نفاذِ حدود آرڈیننس کی شق نمبر 13تا20 کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 سرقہ کے مفہوم اور ارکان کو بیان کریں، نیز اس کے ثابت ہونے کی صورت میں مرتب ہونے والے نتائج تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 ارتداد کا مفہوم بیان کریں، نیز اس کے ارکان اور سزا کے بارے میں تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6تا9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1 قتل سے کیا مراد ہے؟ اس کی تعریف، ارکان اور مختلف اقسام کو تفصیل سے بیان کریں ۔ (20)

سوال نمبر 2 قتلِ عمد اور قتلِ شبہِ عمد کی سزاؤں کو تفصیل سے بیان کریں۔ نیز قصاص اور دیت کے مفہوم اور تعریف کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 قصاص و دیت کے قانون کی دفعات 311تا327 کا تعارف پیش کرتے ہوئے ان کی تشریح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 جرح، شجّہ، جائفہ اور غیرِ جائفہ سے کیا مراد ہے؟ قصاص و دیت کے قانون کی متعلقہ دفعات کی روشنی میں ان کی تعریف، اقسام اور احکام پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 تعزیر سے کیا مراد ہے؟ اسلامی قانون کی روشنی میں تعزیری سزاؤں کے مختلف اقسام اور ان کے احکام پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

اہم نوٹ:

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ علوم اسلامیہ میں ایم فل/پی ایچ ڈی، ایم ایس شریعہ اور پی ایچ ڈی شریعہ کرنے کے خواہشمند امیدواروں کے لیے ایم اے کی سطح پر تحقیقی مقالہ لکھنا نہایت مفید اور اہمیت کا حامل ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ نے چوتھے سمسٹر کے طلبہ کو اختیار دیا ہے کہ وہ کورسز کے بجائے مقالہ کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ چوتھے سمسٹر میں مقالہ لکھنے کے خواہشمند ہیں تو اس کے لیے مقالہ کا کوڈ نمبر 5444 ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔